دجال سے حفاظت

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورہ کہف کی پہلی دس آیات یاد کیں وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ رواح مسلم

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے سورہ کہف کی آخری دس آیات کو یاد کیا، وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔" حوالہ: ریاض الصالحین 1021. کتابی حوالہ: کتاب 8، حدیث 31

سُورَةُ الكَهۡفِ 18-AL KAHF

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ ٱلَّذِيٓ أَنزَلَ عَلَىٰ عَبۡدِهِ ٱلۡكِتَٰبَ وَلَمۡ يَجۡعَل لَّهُۥ عِوَجَاۜ ١	تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر یہ کتاب نازل کی، اور اس میں کوئی ہیر پھیر نہ رکھی
قَيِّمٗا لِّيُنذِرَ بَأۡسٗا شَدِيدٗا مِّن لَّدُنۡهُ وَيُبَشِّرَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ٱلَّذِينَ يَعۡمَلُونَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ أَنَّ لَهُمۡ أَجۡرًا حَسَنٗا ٢	اس کی طرف سے سخت عذاب سے سیدھی سیدھی تنبیہ کے لیئے اور مومنوں کو خوشخبری دینے کے لیئے، جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے اچھا اجر ہے۔
مَّٰكِثِينَ فِيهِ أَبَدٗا ٣	وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔
وَيُنذِرَ ٱلَّذِينَ قَالُواْ ٱتَّخَذَ ٱللَّهُ وَلَدٗا ٤	اور وہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے۔
مَّا لَهُم بِهِۦ مِنۡ عِلۡمٖ وَلَا لِأٓبَآئِهِمۡۚ كَبُرَتۡ كَلِمَةٗ تَخۡرُجُ مِنۡ أَفۡوَٰهِهِمۡۚ إِن يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبٗا ٥	۔ اس کا نہ انہیں کوئی علم ہے، اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا، بہت بڑی ہے بات (جو) ان کے مُنہ سے نکلتی ہے، وہ صرف جھوٹ کہتے ہیں۔

فَلَعَلَّكَ بَٰخِعٞ نَّفۡسَكَ عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِمۡ إِن لَّمۡ يُؤۡمِنُواْ بِهَٰذَا ٱلۡحَدِيثِ أَسَفًا ٦	اگر وہ ایمان نہ لائے تو اس بات پر غم کے مارے شاید آپ اُن کے پیچھے اپنی جان کو ہلاک کر دیں گے۔
إِنَّا جَعَلۡنَا مَا عَلَى ٱلۡأَرۡضِ زِينَةٗ لَّهَا لِنَبۡلُوَهُمۡ أَيُّهُمۡ أَحۡسَنُ عَمَلٗا ٧	جو کچھ زمین میں ہے، بے شک ہم نے اسے اس کے لئے زینت بنایا ہے، تاکہ ہم اُنہیں آزمائیں کہ ان میں کون بہتر عمل کرتا ہے؟
وَإِنَّا لَجَٰعِلُونَ مَا عَلَيۡهَا صَعِيدٗا جُرُزًا ٨	اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے بے شک ہم اسے صاف چٹیل میدان کر دیں گے۔
أَمۡ حَسِبۡتَ أَنَّ أَصۡحَٰبَ ٱلۡكَهۡفِ وَٱلرَّقِيمِ كَانُواْ مِنۡ ءَايَٰتِنَا عَجَبًا ٩	کیا تم سمجھتے ہو کہ غار اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب نشانی تھے؟۔
إِذۡ أَوَى ٱلۡفِتۡيَةُ إِلَى ٱلۡكَهۡفِ فَقَالُواْ رَبَّنَآ ءَاتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحۡمَةٗ وَهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ أَمۡرِنَا رَشَدٗا ١٠	؟۔ جب اُن نوجوانوں نے غار میں پناہ لی تو اُنہوں نے کہا، اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت اور ہمارے کام میں راہ نمائی عطا کر دیں۔

سورۃ الکہف کی آخری دس آیات

ٱلَّذِينَ كَانَتۡ أَعۡيُنُهُمۡ فِي غِطَآءٍ عَن ذِكۡرِي وَكَانُواْ لَا يَسۡتَطِيعُونَ سَمۡعًا ١٠١	یہ وہ لوگ ہیں جن کی آنکھیں میرے ذکر سے پردہ (غفلت) میں تھیں اور وہ سننے کی طاقت نہ رکھتے تھے۔
أَفَحَسِبَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَن يَتَّخِذُواْ عِبَادِي مِن دُونِيٓ أَوۡلِيَآءَۚ إِنَّآ أَعۡتَدۡنَا جَهَنَّمَ لِلۡكَٰفِرِينَ نُزُلٗا ١٠٢	جن لوگوں نے کفر کیا ہے کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ وہ میرے بندوں کو میرے سوا کارساز بنالیں گے، بے شک ہم نے کافروں کی میزبانی کے لئے جہنم کو تیار کررکھا ہے۔
قُلۡ هَلۡ نُنَبِّئُكُم بِٱلۡأَخۡسَرِينَ أَعۡمَٰلًا ١٠٣	۔ فرمادیں کیا ہم تمہیں بتلائیں اعمال کے لحاظ سے

بد ترین نقصان میں کون لوگ ہیں؟	
وہ لوگ جن کی کوشش دنیا کی زندگی میں برباد ہو گئی، اور وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں۔	ٱلَّذِينَ ضَلَّ سَعۡيُهُمۡ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا وَهُمۡ يَحۡسَبُونَ أَنَّهُمۡ يُحۡسِنُونَ صُنۡعًا ١٠٤
یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا اور اس کی ملاقاتوں کا انکار کیا، پس ان کے عمل ضائع ہو گئے ، پھر قیامت کے دن ان کے لئے کوئی وزن قائم نہ کریں گے (ان کے عمل بے وزن ہوں گے)۔	أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ وَلِقَآئِهِۦ فَحَبِطَتۡ أَعۡمَٰلُهُمۡ فَلَا نُقِيمُ لَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ وَزۡنًا ١٠٥
۔ ان کا بدلہ جہنم ہے، یہ اس لئے کہ انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں کو اور میرے رسولوں کو ہنسی مذاق ٹھہرایا۔	ذَٰلِكَ جَزَآؤُهُمۡ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُواْ وَٱتَّخَذُوٓاْ ءَايَٰتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ١٠٦
بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے انکی میزبانی کے لئے بہشت کے باغات ہیں۔ اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے	إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ كَانَتۡ لَهُمۡ جَنَّٰتُ ٱلۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا ١٠٧
وہ وہاں سے جگہ بدلنا نہیں چاہیں گے۔	خَٰلِدِينَ فِيهَا لَا يَبۡغُونَ عَنۡهَا حِوَلٗا ١٠٨
فرمادیں اگر سمندر میرے رب کی باتیں (لکھنے کے لئے) روشنائی بن جائے تو سمندر (کا پانی) ختم ہو جائے گا اس سے پہلے کہ میرے رب کی باتیں ختم ہوں اگرچہ ہم اس کی مدد کو اُس جیسا (اور سمندر بھی) لے آئیں۔	قُل لَّوۡ كَانَ ٱلۡبَحۡرُ مِدَادٗا لِّكَلِمَٰتِ رَبِّي لَنَفِدَ ٱلۡبَحۡرُ قَبۡلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَٰتُ رَبِّي وَلَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِهِۦ مَدَدٗا ١٠٩
۔ آپؐ فرمادیں کہ میں تم جیسا ہی انسان ہوں (البتہ) میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود صرف معبودِ واحد ہے، سو جو اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اچھے عمل کرے اور وہ اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔	قُلۡ إِنَّمَآ أَنَا۠ بَشَرٞ مِّثۡلُكُمۡ يُوحَىٰٓ إِلَيَّ أَنَّمَآ إِلَٰهُكُمۡ إِلَٰهٞ وَٰحِدٞۖ فَمَن كَانَ يَرۡجُواْ لِقَآءَ رَبِّهِۦ فَلۡيَعۡمَلۡ عَمَلٗا صَٰلِحٗا وَلَا يُشۡرِكۡ بِعِبَادَةِ رَبِّهِۦٓ أَحَدَۢا ١١٠